26/02/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شمیم اقبال سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

کو ان کی برسی Veer Savarkar وزیر اعظم نریندر مودی نے آج عظیم انقلابی اور آزادی پسند پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کی قربانی ، Veer Savarkarاُن
جرا

---

ت اور جدو جہد کو کبھی نہیں بھول سکتاہے ۔ئ

ہیرت

ملک کے مختلف حصوں میں مہا شو راتری کا تہوار جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ کشمیری پنڈت برادری نے مہا شو راتری جسے وہ ہیرت کے نام سے مناتے ہیں ، کے سلسلے میں کل رات گھروں میں وَٹُک پوجا کی ۔ پنڈت برادری ہیرت کے دوسرے دن کو سلام کے طرز پر مناتے ہیں ۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ،نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی ، □یفٹنٹ گورنر منوج سنہا، وزیراعلیٰ عمر عبداللہ، نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری ،کابینہ وزرائ، ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری اور کئی دیگر اہم سماجی و سیاسی شخصیات نے□وگوں کو مہا شو راتری کی مبارک باد دی ہے ۔

مہا کمبھ

مہا کمبھ میلہ 2025 آج مہا شو راتری کے موقعہ پر اختتام پذیر ہو رہا ہے ۔ آج صبح سے ہی تروینی سنگم پر بڑی تعداد میں شردھا□و پوتر سنان میں حصہ□ے رہے ہیں

جنوری کو شروع ہونے و□ے مہا کمبھ میلے میں 64 کروڑ سے زائد شردھا□وں نے حصہ□یا ۔ 13 حکام نے پورے پریاگ راج میں سیکورٹی سمیت دیگر پختہ انتظامات کئے ہیں ۔

سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے سون میراث عنوان کے تحت چار روزہ سرینگر فسٹیول کا افتتاح کیا ۔ فسٹیول کے دوران گوناگوں ثقافتی ورثے کی عکاسی کےلئے Heritage کئی سرگرمیوں کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔

پلوامہ

ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم کی صدارت میں نارکو کوآرڈینیشن سینٹر کی ضلع سطح کی کوآرڈینیشن کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران ضلع کو منشیات سے پاک کرنے کےلئے منظم کوششوں کی ضرورت پر زور دیا گیا ۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں ماہ رمضان کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا گیا ۔ اسی دوران موصوف نے ماحول کے تحفظ کی خاطر کلین کولگام ، گرین کولگام مہم کی شروعات کی ۔

بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے کل بہشتِ زہرہ پارک بڈگام میں انجام دئے جا رہے تزئین و آرائش کے کام کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ محکمہ کے حکام کو کام کے معیار کا خاص خیال رکھنے کی ہدایت دی ۔

شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران شوپیان قصبے میں عملائی جا رہی وزیر اعظم آواس یوجنا (اربن) کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا ۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے کمیونٹی ہیلتھ سینٹر سمبل کا دورہ کرکے وہاں مریضوں کےلئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا ۔ جس دوران انہوں نے وہاں کئی وارڈز اور تشخیصی مراکز کا دورہ کر کے مریضوں سے بات چیت کر کے ان کی آراءحاصل کی ۔

بارہمولہ

بارہمولہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر منگا شیر پا کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران افسروں پر زور دیا گیا کہ وہ ماہ صیام کے دوران لوگوں کےلئے ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھیں ۔

پروگرام

ضلع انتظامیہ بارہمولہ نے ڈسٹرکٹ ایمپلائمنٹ اینڈ کونسلنگ مرکز بارہمولہ کے اشتراک سے چھوٹے تجارتی یونٹوں اور بزنس ہیلپ ڈسکس کےلئے مشن یوا کے تحت ایک تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا جس کا مقصد ضلع میں کارخانہ داری کو فروغ دے کر روزگار کے مواقعے پیدا کرنا تھا ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ کے مختلف مقامات پر بارشیں ہو رہی ہیں تاہم شاہراہ پر دو طرفہ ٹریفک رواں دواں ہے ۔ مسافروں اور ڈرائیوروں سے کہا گیا ہے کہ وہ لین نظم و ضبط کو برقرار رکھیں تاکہ انہیں غیر ضروری طور درماندہ نہ ہونا پڑے ۔

اس دوران سرینگر سونہ مرگ گمری روڈ، بھدرواہ- چھمبا روڈ/ اورمغل روڈ ٹریفک کی آواجائی کےلئے لگاتار بند ہیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ